NOTIFICATION OF PSAT/NMSQT SCHOOL DAY 2023

دسواں اورگیارہواں گریڈ شروع کرنے والے طلباء کےعزیز والدین اور/ یا سرپرست:

فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز (FCPS) اس موسم خزاں میں، 10-11 گریڈ کے طلباء کے لیئے، ابتدائی SAT (PSAT)/National Merit Scholarship Qualifying Test (NMSQT) پیش کرنے کے پلان کا اعلان کرتے ہوئے بہت خوشی محسوس کر رہے ہیں ۔ یہ ٹیسٹ بروز بدھ ، 11 اکتوبر 2023ء کو ہو گا اور FCPS میں داخل طلباء کے لیئے، مفت پیش کیا جائے گا ۔ اس خط کا مقصد PSAT/NMSQT اسکول ڈے کے موقع کے بارے میں، عام معلومات فراہم کرنا ہے۔ اس خط میں معذوری کے حامل طلباء کی ٹیسٹنگ سہولیات کے بارے میں، وقت کے لحاظ سے حساس معلومات بھی فراہم کی گئی ہیں۔

**موسم خزاں 2023ء میں نیا ڈیجیٹل فارمیٹ:** رواں موسم خزاں میں PSAT/NMSQT ڈیجیٹل فارمیٹ میں منعقد ہوگا ۔ طلبا و طالبات اور ان کے گھر والے مزید معلومات کالج بورڈ ڈیجیٹل کے SAT Suite of Assessments ویب پیج پر ملاحظہ کرسکتے ہیں (https://satsuite.collegeboard.org/digital ) ڈیجیٹل ٹیسٹس کیلئے بعض ٹیسٹنگ سہولتیں کاغذ و پینسل ٹیسٹس کی بہ نسبت مختلف انداز سے فراہم کی جاتی ہیں ۔ معذوری کے حامل طلبا وطالبات کیلئے سہولیات کے متعلق معلومات ذیل میں ملاحظہ کیجیئے ۔

PSAT/NMSQT ایک معیاری ٹیسٹ ہے، جو ریاضی اور ثبوت پر مبنی مطالعہ اور تحریر کی جانچ کرتا ہے۔ ٹیسٹ میں استدلال کی مہارت ، علم ، اور فہم پر توجہ دی گئی ہے۔ یہ طلباء کو، کالج میں داخلے کی اسیسمنٹس تیار کرنے کے دوران کالج کیلئے تیاری کو فروغ دینے کے حوالے سے تشکیل دیا گیا ہے۔ ٹیسٹ کے مواد اور فارمیٹ سے متعلق، معلومات کالج بورڈ PSAT/NMSQT ویب پیج پر ملاحظہ کی جا سکتی ہیں: (https://collegereadiness.collegeboard.org/psat-nmsqt-psat-10/inside-the-test/key-features)۔ PSAT/NMSQT کالج بورڈ اور نیشنل میرٹ اسکالرشپ کارپوریشن کی طرف سے مشترکہ طورپر مالی تعاون سے منعقد کیا جاتا ہے۔ اگرچہ صرف گیارھویں گریڈ کے طلباء نیشنل میرٹ اسکالرشپ کا مقابلہ کرنے کے اہل قرار دیئے گئے ہیں، دسویں گریڈ کے طلباء، جو PSAT/NMSQT میں حصہ لیتے ہیں، انہیں گیارھویں گریڈ میں PSAT/NMSQT کی اور کالج داخلے کے SAT امتحان کی تیاری کی بہترین مشق ہوجاتی ہے ۔

***معذوری کے حامل طلباء کے لیئے سہولیات***

معذور طلباء، جن کے لیئے، 504 پلان یا انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) میں ٹیسٹنگ سہولیات کی نشاندہی کی گئی ہے، وہ PSAT/NMSQT میں ٹیسٹنگ سہولیات کیلئے اہل قرار دیئے جا سکتے ہیں ۔ تاہم، کالج بورڈ لازمی طور پر ہر طالبعلم کیلئے ایک باقاعدہ درخواست منظور کرے ۔

- *اگر طالب علم کو، پہلے ہی سے گزشتہ PSAT/NMSQT, PSAT 10, SAT, یا AP test کیلئے کالج بورڈ کی سہولیات کی منظوری حاصل ہے تو دوبارہ درخواست جمع کرانے کی ضرورت نہیں ۔* ایک بار کی منظوری کے بعد، سہولیات تمام کالج بورڈ ٹیسٹنگ کے لیئے، قائم رہتی ہیں۔ جیسا کہ درج بالا سطور میں نوٹ کیا گیا ہے کہ بعض سہولیات تبدیل ہوسکتی ہیں یا PSAT/NMSQT کیلئے نئے ڈیجیٹل ٹیسٹ فارمیٹ میں ہوسکتا ہے انکی ضرورت نہ ہو ۔ اپنے طالبعلم کی منظور شدہ سہولیات کا جائزہ لینے کو یقینی بنائیے اور اپنے طالبعلم سے بات کیجیئے تاکہ اس امر کو یقینی بنایا جائے کہ وہ سمجھتے ہوں کہ وہ کیسے ٹیسٹ دیں گے ۔ ڈیجیٹل ٹیسٹس میں سہولیات کو استعمال کرنے کے متعلق معلومات کیلئے کالج بورڈ کا ویب پیج ملاحظہ کیجیئے (https://satsuite.collegeboard.org/digital/accommodations-digital-testing/using-accommodations-digital-tests) ۔
- منسلکہ کاغذات 1-3 اورکالج بورڈ ٹیسٹنگ کی سہولیات کے طریقہ کا ویب پیج (https://www.fcps.edu/node/38355) کالج بورڈ ٹیسٹس کیلئے سہولیات کی درخواست دینے کے FCPS کے طریقہ کار کی معلومات فراہم کرتا ہے۔ *PSAT/NMSQT کے لیئے، ٹیسٹنگ کی نئی سہولیات کی درخواست کرنے کی صورت میں، رائے اور رضامندی کے درکار فارمز **8 اگست، 2023ء** تک اسکول میں جمع کرانے لازمی ہیں ۔*

ہم اکتوبر میں، دسویں اور گیارہویں گریڈ کے طلباء کے لیئے، یہ موقع فراہم کرنے پر انتہائی پُرجوش ہیں ۔ تعلیمی سال کے آغاز میں، PSAT/NMSQT سے متعلق، مزید معلومات کے لیئے، رابطے میں رہیے ۔ یہ معلومات FCPS کے PSAT Assessments ویب پیج پر بھی ملاحظہ کی جا سکتی ہیں (https://www.fcps.edu/node/42102) ۔

منسلکہ کاغذات 1-3: سہولیات کی درخواست کا طریقہ کار

## ENCLOSURE 1: ACCOMMODATIONS PROCESS FOR COLLEGE BOARD TESTING

معذوری کے حامل طلباء کے والدین اور/ یا سرپرست:

ایسے معذور طلباء، جن کے ، IEP یا 504 پلان میں ٹیسٹنگ سہولیات کی نشاندہی کی گئی ہے، وہ **PSAT/NMSQT** یا **SAT School Day** اسیسمنٹس کے دوران، ٹیسٹنگ سہولیات کی کے لیئے، اہل قرار دیئے جا سکتے ہیں۔ البتہ، کالج بورڈ کی طرف سے IEP یا 504 میں شامل تمام ٹیسٹنگ سہولیات مہیا کرنے کی اجازت نہیں دی جاتی اور اسٹینڈرڈ آف لرننگ (SOL) ٹیسٹنگ کے دوران، سہولیات حاصل کرنے والے تمام طلباء کو PSAT/NMSQT یا SAT School Day پر یہ سہولیات درکار نہیں ہوتیں ۔ ان امتحانات کیلئے ٹیسٹنگ کی سہولیات کی اہلیت کے متعلق معلومات کالج بورڈ کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں: (https://accommodations.collegeboard.org/eligibility)۔

- 11 اکتوبر 2023ء کے ہونیوالے ٹیسٹ کیلئے ، SAT School Day ٹیسٹ کاغذ/ پینسل کا امتحان ہی رہے گا ۔ تاہم ، PSAT/NMSQT ڈیجیٹل انداز میں دیئے جائیں گے ۔ ڈیجیٹل ٹیسٹس کیلئے بعض سہولتیں کاغذ و پینسل ٹیسٹس کی بہ نسبت مختلف انداز سے دی جاتی ہیں ۔ کالج بورڈ کا ایک چارٹ ان سہولیات کو ڈیجیٹل ٹیسٹوں میں استعمال کرنے کے متعلق وضاحت کرتا ہے (https://satsuite.collegeboard.org/digital/accommodations-digital-testing/using-accommodations-digital-tests)۔
- *اگر طالبعلم کو پہلے ہی سے کالج بورڈ SSD (معذوری کے حامل طلباء کیلئے خدمات) PSAT 10, PSAT/NMSQT, SAT, یا AP ٹیسٹ* کی منظوری حاصل ہے تو، *دوبارہ درخواست جمع کرانے کی ضرورت نہیں ۔* کالج بورڈ SSD کی جانب سے ایک بارمنظور ہونے والی سہولتیں ہائی اسکول کی گریجویشن کے ایک سال بعد تک قابل عمل رہتی ہیں ۔ **جیسا کہ درج بالا سطور میں نوٹ کیا گیا ہے کہ بعض سہولیات تبدیل ہوسکتی ہیں یا ہوسکتا ہے کہ ڈیجیٹل ٹیسٹس میں انکی ضرورت نہ ہو ۔** اپنے طالبعلم کی منظور شدہ سہولیات کا جائزہ لینے کو یقینی بنایئے اور اپنے طالبعلم سے بات کیجیئے تاکہ اس امر کو یقینی بنایا جائے کہ وہ سمجھتے ہوں کہ وہ کیسے ٹیسٹ دیں گے ۔
- اگر کوئی بھی طالب علم نئی یا ترمیم شدہ سہولیات حاصل کرنا چاہتا ہے تو کالج بورڈ کی طرف سے طالب علم کے لیئے، باضابطہ درخواست منظور کرنا لازمی ہوتی ہے۔ ہر ہائی اسکول میں عملے کے ایک رکن کو SSD کے رابطہ کار کے طور پر متعین کیا گیا ہے تاکہ وہ کالج بورڈ کے ساتھ مل کر ان درخواستوں پر کام کر سکے ۔ اسکول کی طرف سے، سہولیات حاصل کرنے کی تمام درخواستیں، کالج بورڈ میں اگست تک جمع کروائی جانی لازمی ہیں ۔ *آپ اور آپ کے بچے کی رضامندی کے بغیر اسکول درخواست جمع نہیں کروا سکتا۔ والدین/ سرپرستوں کو، منسلک فارم استعمال کر کے* ***8 اگست، 2023*** *ء تک، اپنی رائے اور رضامندی اسکول کو، فراہم کر دینی چاہیئے ۔*

ذیل میں آپ کالج بورڈ کی طرف سے ٹیسٹنگ کی ممکنہ سہولیات کے بارے میں معلومات ملاحظہ کر سکتے ہیں ۔ PSAT/NMSQT یا SAT School Day کے حوالے سے مناسب سہولت (سہولیات) کا انتخاب کرتے ہوئے براہ مہربانی، درج ذیل عوامل ذہن میں رکھیے:

- مواد ، فارمیٹ اور اسیسمنٹ کا مقصد؛
  - SAT (https://collegereadiness.collegeboard.org/sat/inside-the-test)
  - PSAT/NMSQT (https://collegereadiness.collegeboard.org/psat-nmsqt-psat-10/inside-the-test)
- ٹیسٹنگ کے مجموعی وقت یا سیٹنگ پر بعض سہولیات کے مضمرات (منسلکہ کاغذ 2 کے نوٹس ملاحظہ کیجیئے)؛ اور
- سہولیات کی مدت کی منظوری (ایک مرتبہ کالج بورڈ کی طرف سے منظوری دی جانے کے بعد، وہ سہولیات مستقبل کے تمام کالج بورڈ ٹیسٹوں کے لیئے، جس میں PSAT/NMSQT, SAT اور AP امتحانات شامل ہیں، استعمال کی جانی چاہیئں، سوائے ایسی صورت میں کہ تحریری طور پر انکار کیا گیا ہو) ۔

اگر آپ چاہتے ہیں کہ اسکول کی طرف سے کالج بورڈ کو، سہولت (سہولیات) کے لیئے درخواست جمع کروائی جائے تو درج ذیل تین اقدامات کیجیئے۔

1. **مطلوبہ سہولیات کا فارم** مکمل کیجیئے **(منسلکہ کاغذ 2):**
   - فہرست میں، اپنے بچے کے IEP یا 504 پلان میں شامل اس سہولت (سہولیات) پر دائرہ لگائیے جن کی درخواست آپ اسکول کی طرف سے کروانا چاہتے ہیں؛
   - اپنی رائے کی تصدیق کے لیئے، فارم کی نچلی طرف اپنے مختصر دستخط اور تاریخ درج کیجیئے؛
2. **درخواست کی گئی سہولیات کی منظوری کا فارم (منسلکہ کاغذ 3) مکمل کیجیئے:**
   - اپنے طالبعلم کا نام ، اسکول اور تاریخ پیدائش درج کیجیئے؛
   - کالج بورڈ کو ریکارڈ جاری کرنے کی منظوری دینے کے لیئے، اپنے طالبعلم کے ساتھ دستخط اور تاریخ درج کیجیئے؛
3. **8 اگست، 2023** ء تک، دونوں فارمز کی نقول، ہائی اسکول واپس بھیج دیجیئے۔

آپ کے فارم مل جانے کے بعد اسکول کا عملہ ٹیسٹنگ کی سہولت (سہولیات) کی تصدیق اور وہ دستاویزات جمع کرنے کے لیئے، جو کالج بورڈ میں ہر طالب علم کے لیئے درکار ہوتی ہیں، آپ کے بچے کے IEP یا 504 پلان کے تعلیمی ریکارڈ کا جائزہ لے گا ۔ آپ کی طرف سے انتخاب کی گئی سہولت (سہولیات) سے متعلق کوئی بھی سوال ہونے کی صورت میں عملے کے رکن آپ سے رابطہ کریں گے۔

اگر آپ PSAT/NMSQT یا SAT School Day کی سہولیات سے متعلق، کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں یا درخواست کے طریقہ کار کے بارے میں، بات چیت کرنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی، اپنے طالبعلم کے ہائی اسکول سے ______________________________ پر رابطہ کیجیئے۔ مطلوبہ سہولیات اور منظوری کے فارم (منسلکہ کاغذات 2 اور3) درج ذیل کو مخاطب کرتے ہوئے بھیجیے یا فراہم کیجیئے:

ATTN: ______________________________

__________________________ High School

______________________________

________________________, VA _________

درج ذیل بیان کردہ کالج بورڈ سہولیات PSAT/NMSQT اور SAT School Day پر لاگو ہوتی ہیں اور معذوری کے حامل صرف ان طلباء کے لیئے، دستیاب ہیں جن کے IEP یا 504 پلان میں ان کا ذکر کیا گیا ہے یا پھر ایسے طلباء، جنہیں درج طبی سہولیات درکار ہیں ۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے طالبعلم کے لیئے، اسکول کی طرف سے کالج بورڈ کی نئی یا ترمیم شدہ سہولت (سہولیات) کی درخواست جمع کروائی جائے تو:

- ذیل میں، اپنے بچے کے IEP یا 504 پلان میں شامل اس **سہولت (سہولیات) پر دائرہ لگائیے** جن کی درخواست آپ اسکول کی طرف سے کروانا چاہتے ہیں؛
- اپنی رائے کی تصدیق کرنے کے لیئے فارم کی نچلی طرف اپنے **مختصر دستخط اور تاریخ** درج کیجیئے؛
- منسلکہ کاغذ 3 سمیت یہ فارم **8 اگست، 2023ء تک** ہائی اسکول میں **واپس بھیج دیجیئے**

کالج بورڈ کی سہولیات SOL ٹیسٹوں کے دوران فراہم کی جانے والی سہولیات سے مختلف ہوتی ہیں۔ ٹیسٹوں کے مضمرات کو سمجھنے کے لیئے، درج ذیل نوٹس کا جائزہ لیجیئے۔ کالج بورڈ کی ویب سائٹ پر سہولیات کے اطلاق کے بارے میں مزید معلومات فراہم کی گئی ہیں ( https://accommodations.collegeboard.org/typical-accommodations).

| اوقات کار/ طے کردہ سہولیات | سہولیات کی جگہ |
|---|---|
| ٹیسٹ کا شیڈول ایڈجسٹ کیجیئے:<br>▪ ضرورت کے مطابق وقفے<br>▪ اضافی وقفے یا وقفوں میں توسیع<br>▪ وقت میں 50 فیصد توسیع [1]<br>▪ وقت میں 100 فیصد توسیع [1]<br>▪ دیر سے شروعات<br>▪ ٹیسٹنگ کے لیئے محدود وقت [2] | ٹیسٹنگ کے لیئے، ایڈجسٹ کیئے جانے والا مقام:<br>▪ گھر / اسپتال ٹیسٹنگ<br>▪ پسندیدہ جگہ<br>▪ ویل چیئر تک رسائی<br>▪ آمنے سامنے ٹیسٹنگ<br>▪ چھوٹے گروپ کا ماحول |
| **پریزینٹیشن سہولیات** | **فراہم کردہ سہولیات** |
| ٹیسٹ کی چیزوں اور یا ہدایات کی تفصیلات ایڈجسٹ کیجیئے:<br>▪ اشاروں کی زبان کے مترجم (صرف ہدایات)<br>▪ ریڈر (شخص) یا اسکرین ریڈر برائے ڈیجیٹل ٹیسٹ (متن سے تقریر) [3]<br>▪ MP3 (کمپیوٹر آڈیو) [4]<br>▪ بریل / ابھرے ہوئے گراف اور اشکال<br>▪ زبانی ہدایات کی تحریری نقل<br>▪ بڑا پرنٹ (14 پوائنٹس، 20 پوائنٹس، 24 پوائنٹس)<br>▪ آواز بڑھانے والا/ FM سسٹم<br>▪ رنگین پرت کا استعمال<br>▪ موزوں معاون ٹیکنالوجی [5] | اس انداز سے ایڈجسٹ کیجیئے، کہ طلباء ٹیسٹ سوالات کا جواب دے سکیں:<br>▪ 4 افعال والا کیلکولیٹر (ریاضی کے ٹیسٹ والے حصے پر "کیلکولیٹر کی اجازت نہیں")<br>▪ Large-block والی جوابی شیٹ<br>▪ طلباء ٹیسٹ والے کتابچوں میں نشان لگاتے ہیں<br>▪ مصنف/ راقم الحروف (شخص) یا ڈیجیٹل ٹیسٹس کیلئے ڈکٹیشن (تقریر سے متن) [6] |

| طبی سہولیات |
|---|
| محفوظ ٹیسٹنگ ماحول میں منظور شدہ اشیاء کے مطابق پابندیاں طے کیجیئے:<br>▪ شوگر ٹیسٹ کرنے کی اجازت<br>▪ کھانے/ دوائیوں کی اجازت |

*حاشیہ:*

*1 وقت میں توسیع: طلباء کو اپنے منظور شدہ وقت کے مکمل ہونے تک رکنا لازمی ہے ۔ وہ جلدی نہیں جا سکتے اور وہ اس وقت تک ٹیسٹ کے اگلے حصے کی طرف نہیں بڑھ سکتے جب تک مختص کیا گیا وقت گزر نہ جائے، چاہے وہ سیکشن جلد مکمل کر چکے ہوں ۔ طلباء ٹیسٹ والے دن اسکول جلد بند ہوجانے کے عمل سے استفادہ نہیں کر سکتے۔*

*2 ٹیسٹنگ کے لیئے محدود وقت: ٹیسٹنگ دو دن تک بھی چل سکتی ہے ۔ ایسی صورت میں، طلباء درج ذیل PSAT/NMSQT یا SAT School Day والے دن کلاس روم کی ہدایات میں شامل نہیں ہو سکیں گے ۔*

*3 ریڈر(شخص) - صرف کاغذی ٹیسٹوں کیلئے ۔ ٹیسٹنگ انفرادی طور پر کی جانی لازمی ہے، جس میں پورے ٹیسٹ یا ٹیسٹ کے حصوں کے لیئے، لفظ بلفظ پڑھنا شامل ہونا چاہیئے۔ اسکرین ریڈر برائے ڈیجیٹل ٹیسٹ (متن سے تقریر) ۔ صرف ڈیجیٹل ٹیسٹس کیلئے*

*4 MP3 (کمپیوٹر آڈیو): ٹیسٹنگ، وقت میں 100 فیصد توسیع کے ساتھ ، دو دنوں میں کی جانی لازمی ہے اور اس کے ساتھ ساتھ، سیکشن 2 کے لیئے، اضافی وقت شامل ہونا چاہیئے ۔ طلباء درج ذیل ٹیسٹوں کے دن سے اگلے روز کلاس روم کی ہدایات میں شامل نہیں ہوں گے ۔ وقت میں توسیع کے نفاذ حوالے سے درج بالا حاشیہ 1 بھی ملاحظہ کیجیئے ۔*

*5 موزوں معاون ٹیکنالوجی: سیکشن 2 کے لیئے، 100 فیصد توسیعی وقت درکار ہے ۔ درج بالا حاشیہ 1 بھی ملاحظہ کیجیئے ۔*

*6 مصنف/ راقم الحروف (شخص) - صرف کاغذی ٹیسٹوں کیلئے ۔ وقت میں 50 فیصد توسیع کے ساتھ ، انفرادی طور پر کی جانی چاہیئے ۔ طلباء، جوابات کسی بالغ راقم الحروف کو دیں گے ۔ وقت میں توسیع کے نفاذ حوالے سے درج بالا حاشیہ 1 بھی ملاحظہ کیجیئے ۔ ڈکٹیشن برائے ڈیجیٹل ٹیسٹس (تقریر سے متن) ۔ صرف ڈیجیٹل ٹیسٹس کیلئے ۔*

**والد یا والدہ/ سرپرست کی طرف سے انتخاب کردہ سہولیات کی تصدیق:**

اپنے مختصر دستخط ثبت کر کے، میں اس بات کی تصدیق کرتا ہوں کہ PSAT/NMSQT یا SAT School Day اسیسمنٹ کے متعلق دستیاب معلومات کا جائزہ لینے کے بعد، میرے طالبعلم کو درکار سہولیات کے لیئے، ہائی اسکول ، کالج بورڈ کو درج بالا نشان لگی سہولیات کی درخواست کرے، اس عمل میں ، میری رضامندی شامل ہے ۔

والد یا والدہ/ سرپرست کے مختصر دستخط: ________________ تاریخ: ________________

CollegeBoard

معذوری کے حامل طلباء کے لیئے خدمات

# درخواست کی گئی سہولیات کی رضامندی کا فارم

**طالبعلم کی معلومات**

طالبعلم کا نام: ______________________________

اسکول: ______________________________

طالبعلم کی تاریخ پیدائش: ______________________________

**طالب علم اور والد/ والدہ یا سرپرست کے دستخط**

میں ، معذوری کے سبب کالج بورڈ ٹیسٹوں کے لیئے ٹیسٹنگ کی سہولت (سہولیات) کی درخواست کرنا چاہتا / چاہتی ہوں ( ,SAT, SAT Subject Tests PSAT 10, PSAT/NMSQT, and/or Advanced Placement Exams) میں اپنے اسکول کو اجازت دیتا / دیتی ہوں کہ وہ: کالج بورڈ کو میرے ریکارڈ کی نقول جاری کر سکتا ہے جن میں میری معذوری اور ٹیسٹنگ کے دوران سہولیات درکار ہونے کا ذکر ہے؛ اسکول کی ملکیت میں موجود ایسی دیگر معلومات جاری کر سکتا ہے جو کالج بورڈ کے ٹیسٹوں کے دوران ملنے والی سہولیات کی اہلیت حاصل کرنے کے حوالے سے، کالج بورڈ کی طرف سے تصدیق کرنے کے لیئے درخواست کی گئی ہوں؛ اور کالج بورڈ کے ساتھ میری معذوری اور درکار سہولیات کے بارے میں گفتگو کر سکتا ہے ۔ میں کالج بورڈ کو یہ اجازت بھی دیتا / دیتی ہوں کہ وہ میرے ریکارڈ حاصل کر کے ان کا جائزہ لے سکتے ہیں اور اسکول کے عملے اور دیگر پیشہ ور ماہرین سے میری معذوری اور ضروریات کے متعلق گفتگو کر سکتے ہیں ۔

طالبعلم کے دستخط: ______________________________ تاریخ: ______________

والد یا والدہ/ سرپرست کے دستخط: ______________________________ تاریخ: ______________

(18 سال سے کم عمر طالبعلم کے لیئے، والدین/ سرپرست کے دستخط درکار ہیں)

## Instructions to the School

This form should be used when a request for accommodation(s) is submitted electronically (via SSD Online). The form should be maintained by the school with the student’s records. It does not need to be sent to the College Board. You will be asked to verify that a signed Consent Form is on file at the school prior to submitting a request for accommodations.

Copyright College Board, November 2017
Reproduced and translated with permission by Fairfax County Public Schools